**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 29 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۹/جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **جاری برس کے لیے اضافی بجٹ ریاستی اسمبلی میں پیش ' مُکھیہ منتری لاڈکی بہن اسکیم ' ان پورنا اسکیم ' بلی راجہ سہولت اسکیم اور یوا کاریہ پرشِکشن اسکیم کا اعلان**

☆ **جالنہ ضلع میں سمرُدھی شاہ راہ پر پیش آئے حادثے میں 7/افراد کی موت**

☆ **سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکھی ' آشاڑی واری کے لیے پنڈھرپور کی جانب روانہ**

**اور**

☆ **خواتین ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کا ایک دن میں 525/رن بنانے کا ریکارڈ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاست کے وزیر مالیات اجیت پوار نے کل قانون ساز اسمبلی میں جاری مالی سال کے لیے کم وبیش 20 / ہزار کروڑ روپیوں کے خسارے کا اضافی بجٹ پیش کیا ہے۔ اِس اضافی بجٹ میں خرچ کے لیے کُل 6 / لاکھ 12 / ہزار 293 /کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ متوقع آمدنی 4 / لاکھ 99 / ہزار 463 /کروڑ روپے جبکہ خرچ کے طور پر 5 / لاکھ 19 / ہزار 514 /کروڑ روپیوں کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ محصول کا خسارہ 20 / ہزار 51 /کروڑ روپے جبکہ ٹریژری کا نقصان ایک لاکھ 10 / ہزار 355 /کروڑ روپیوں کا ہے۔

21/ تا 60/ برس عمر کے زمرے کی اہل خواتین کے لیے ہر مہینے ڈیڑھ ہزار روپے دینے والی ”مُکھیہ منتری لاڈکی بہن“ اسکیم' خواتین کے رکشہ روزگار کے لیے مالی مدد دینے والی ”پِنک ای رکشہ اسکیم' 52 / لاکھ خاندانوں کو سالانہ 3 / گیس سلینڈر' مُفت دینے والی ”

مُکھیہ منتری انن پورنا اسکیم“ چھوٹے کاروبار کرنے والی خواتین صنعت کاروں کے لیے ”پُنیہ شلوک اہلیہ دیوی اسٹارٹ اپ اسکیم“ اور خواتین صنعت کاروں کے لیے 15 / لاکھ روپئے تک کے قرض پر سود کی واپسی کی اسکیم کا حکومت نے اعلان کیا ہے۔

ریاست بھر میں پیٹرول اور ڈیزل پر ویٹ ٹیکس کو ایک جیسا کرنے کی گنجائش کی گئی ہے۔ جس سے ممبئی، نئی ممبئی اور تھانے میونسپل کارپوریشن علاقوں کے عام شہریان اور صنعت و تجارت کے شعبے کو راحت ملے گی۔ اِس موقعے پر وارکری بھائیوں کے لیے مُکھیہ منتری وارکری سمپر دائے کارپوریشن کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا جس کے تحت رواں برس سے حکومت 10 / لاکھ روپیوں کی امداد دینے جا رہی ہے۔

رواں برس سے اہم پالکھیوں کی ہر دِنڈی کو 20 / ہزار روپیوں کی مالی مدد حکومت کی جانب سے دی جائے گی۔ عالمی نامزدگی کے لیے پنڈھرپور کی واری سمیت کوکن کے نقش ونگار دہی ہانڈی اور گنیش اُتسو کی تجاویز یونسکو کو روانہ کرنے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ بجٹ پیش کرتے ہوئے ریاست کے 10 / لاکھ نوجوانوں کو ملازمت کے دوران تربیت اور ماہانہ 10 / ہزار روپئے اسٹائفنڈ فراہم کرنے والی ”مُکھیہ منتری یووا کاریہ پرِشکشن اسکیم“ کا حکومت کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے۔

حکومت نے کہا گیا ہے کہ مُکھیہ منتری بلی راجہ سہولت اسکیم کے تحت ریاست کے 44 / لاکھ سے زائد کسانوں کو ساڑھے سات ہارس پاور کے آب پاشی پمپوں کے لیے مفت بجلی فراہم کی جائے گی۔ وزیر مالیات اجیت پوار نے بتایا کہ ناگپور ڈویژن میں تجرباتی بنیادوں پر کیے گئے پنچ ناموں کے نظام کو تمام ریاست میں نافذ کیا جا رہا ہے۔ اِس بجٹ میں ریاست کے دودھ پیداوار کرنے والے کسانوں کو 5 / روپئے فی لیٹر رعایت، مرکزی مسلح افواج کے 5 / دستوں کو پروفیشنل ٹیکس میں چھوٹ، معذور افراد کے لیے دھرم ویر آنند دِگھے ہاؤسنگ اسکیم کے تحت پہلے مرحلے کے دوران 400 / مکانوں کی تعمیر، اپاہج شہریان میں بجلی سے چلنے والی سائیکلوں کی تقسیم بجٹ میں 100 / نئے گوداموں کی تعمیر ، باری سماج کے لیے سنت شری روپ لال مہاراج مالی ترقیاتی کارپوریشن کا قیام ، اٹل بامبوسمرُدھی اسکیم کے تحت 10 / ہزار ہیکٹر خانگی رقبے پر بانس کے پودوں کی شجرکاری اور ہر برس رائے گڑھ قلعے میں شیوراجیہ ابھیشیک کی تقاریب کا اہتمام کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

سنجئے گاندھی نِرآدھار اسکیم اور شراون بال سیوا پینشن اسکیم کے تحت اب ماہانہ ایک ہزار کے بجائے ڈیڑھ ہزار روپیوں کی مالی مدد کی تجویز بجٹ میں پیش کی گئی ہے۔ بجٹ پیش کرنے کے دوران وزیر مالیات نے بتایا کہ اشیاء و خدمات ٹیکس ، جی ایس ٹی کی وصولی میں

16 ؍فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جس کے سبب مرکز سے ریاست کو ملنے والے حصے میں اضافے کی امید ہے۔ نائب وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بجٹ پیش کرنے پر وزیرِ مالیات اجیت پوار کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بجٹ تمام شہریان کے فائدے کا ہے۔ وہیں سابق وزیرِاعلیٰ اشوک چوہان نے بجٹ کو کسانوں، خواتین اور طلباء کے لیے مدد کا ہاتھ بڑھانے والا قرار دیا۔ اِسی طرح کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے اِس بجٹ پر تنقید کرتے ہوئے اِسے دھوکہ قرار دیا۔ جبکہ سابق وزیرِاعلیٰ اُدھو ٹھاکرے نے اِسے اعلانات کا سیلاب کہتے ہوئے تنقید کی۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ 2 ؍برسوں کے حکومت کی اعلان کردہ اسکیموں کی تحقیقات کی جائے اور وائٹ پیپر جاری کیا جائے تاہم وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے تمام الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ تمام اسکیمات بجٹ مختص کیے جانے کے بعد ہی نافذ کی گئی۔ انھوں نے حزبِ اختلاف کو نافذ کی گئی اسکیمات سے متعلق تحقیقات کرنے کا چیلنج کیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ایسوسی ایشن آف اسمال اسکیل انڈسٹریز اینڈ ایگری کلچر نامی تنظیم کے صدر چیتن راؤت نے پیش کیے گئے ریاستی بجٹ کا استقبال کیا ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ اعلان کردہ مُکھیہ منتری یوواکاریہ پرِشکشن اسکیم کے سبب صنعتوں کو ہنرمند افرادی قوت مہیا ہوگی۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی کل اتوار کو آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے ہم وطنوں سے خطاب کریں گے۔ یہ اِس سیریز کے تیسرے ایڈیشن کی پہلی قسط ہوگی۔ یہ پروگرام کل صبح 11 ؍بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

قومی امتحانات کی کاؤنسل این ٹی اے نے منسوخ اور ملتوی امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ UGC-NET 2024 کا امتحان اب 21 ؍اگست تا 4 ؍ستمبر کے دوران منعقد کیا جارہا ہے۔ جبکہ CSIR UGC NET 2024 کا امتحان 25 ؍ تا 27 ؍جولائی کے درمیان ہوگا۔

***** ***** *****

ناگپور ممبئی سمرُدھی شاہراہ پر کل جالنہ ضلعے کے کڑونچی گاؤں کے قریب پیش آئے 2 ؍کاروں کے درمیان حادثے کے سبب 7 ؍افراد ہلاک اور دیگر 4 ؍شدید زخمی ہوگئے۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ دونوں کاریں شاہراہ کا پشتہ توڑ کر نیچے گر گئی۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں کو علاج کی خاطر جالنہ ضلع اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی کل آشاڑی واری کے لیے پیٹھن سے پنڈھرپور کے لیے روانہ ہوگئی۔ بیڑ ' احمد نگر اور شولاپور اضلاع ہوتے ہوئے یہ پالکی پنڈھرپور پہنچے گی۔ اِسی طرح دیہوں سے بھی سنت تُکا رام مہاراج کی پالکی ' پنڈھرپور کے لیے روانہ ہوگئی اور آج سنت دیانیشور مہاراج کی پالکی آلندی سے روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

اکھِل بھارتیہ کسان سبھا نامی تنظیم نے کل بیڑ میں کلکٹر دفتر کے روبرو دھرنا احتجاج کیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ یہ احتجاج ربیع اور خریف کی فصلوں کے لیے فوری طور پر فصل بیمہ فراہم کرنے اور یہ غیر مشروط قرضوں کی مکمل معافی کے لیے کیا گیا۔

***** ***** *****

حکومت نے دھاراشیو میونسپلٹی کے مختلف ترقیاتی کاموں کے دوران کروڑوں روپیوں کے مبینہ گھپلوں کی تحقیقات خصوصی جانچ ٹیم ایس آئی ٹی کے ذریعے کروانے کا حکم دیا ہے۔ قانون ساز کاؤنسل میں کل نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یہ اطلاع دی۔ وہ کل کاؤنسل رکن سُریش دھس کے ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔

***** ***** *****

آئی اے ایس افسر اویناش پاٹل نے کل دیپا مُدھول مُنڈے سے بیڑ ضلع کلکٹر عہدے کا چارج لیا۔ اِسی طرح سنگیتا دیوی پاٹل کو بیڑ ضلع پریشد کی سی ای او عہدے کا چارج دیا گیا۔ اِس سے قبل اِس عہدے پر اویناش پاٹل فائز تھے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ادبی پریشد کے کتب سے متعلقہ مختلف انعامات آج تقسیم کیے جائیں گے۔ اِس کے لیے آج شام ساڑھے پانچ بجے چھترپتی سنبھاجی نگر میں واقع پریشد کے ہال میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے نے چند ریل گاڑیوں کے شیڈیول میں تبدیلی کی ہے۔ اِن میں حیدرآباد جئے پور ' ناندیڑ ایروڑ اور جالنہ چھپراٹرینیں شامل ہیں۔ اِن ٹرینوں کی خدمات میں آئندہ ستمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔ جنوب وسطی ریلوے نے یہ بھی بتایا کہ جالنہ چھپرا کے روٹ کو 24/ جولائی تک عارضی طور پر تبدیل کردیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں آئندہ 10/ تا 11/ جولائی کے دوران ضلع سطح کے سبرتو مُکھرجی فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اِس مقابلے میں شرکت کے لیے ضلع کی زیادہ سے زیادہ اسکول اور کالجز کی ٹیموں کو 8/ جولائی تک ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر کے دفتر کی ویب سائٹ پر درخواست دینے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

خواتین ٹیسٹ کرکٹ کے دوران کل چنئی میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلے جارہے میچ کے پہلے ایک دن ہی میں بھارت نے ریکارڈ 525/ رنز بنائے اسمرتی مندھانا نے سنچری جبکہ شِفالی ورمانے ڈبل سنچری بنائی۔ کل جب کھیل روکا گیا تو بھارت نے 525/ رنز بنا چکا تھا۔ کپتان ہرمن پریت نے 42/ جبکہ ریچا گھوش 43/ رنوں پر کھیل رہی تھیں۔

اِسی بیچ بھارت اور جنوبی افریقہ مردوں کے T-20/ عالمی کپ کرکٹ مقابلے کے فائنل میں آمنے سامنے ہوں گے۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق رات 8/ بجے شروع ہوگا۔

***** ***** *****

آ خر میں ا ہم خبر و ں کی سر خیاں ایک مر تبہ پھر سن لیجیے ...

☆ جا ری برس کے لیے اضا فی بجٹ ر یا ستی اسمبلی میں پیش ، مُکھیہ منتری لا ڈ کی بہن اسکیم ، ان پو ر نا اسکیم ، بلی را جہ سہولت اسکیم ا و ر یو ا کا ر یہ پر شِکشن اسکیم کا ا علا ن

☆ جا لنہ ضلع میں سمرُ دھی شا ہ را ہ پر پیش آ ئے حا د ثے میں 7 ؍ ا فر ا د کی مو ت

اور

☆ خو ا تین ٹیسٹ کر کٹ میں بھا ر ت کا ا یک د ن میں525 ؍ ر ن بنا نے کا ر یکا ر ڈ

علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں

آ پ یہ خبر نا مہ ہما ر ے یو ٹیو ب چینلAIR چھتر پتی سنبھا جی نگر پر دو با ر ہ کسی بھی و قت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆